## سوال

(30)شام سمجھ کر افطار کر دی..الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

شام کے وقت آسمان برابر ہوگیا بہت انتظار کے بعد یقین کیا کہ سورج غروب ہوگیا ہوگا۔ اور روزہ افطار کر دیا گیا تو پھر سورج نے دکھائی دی، اور چھپ گیا۔ اب روزہ دار دوبارہ روزہ رکھیں یا وہ روزہ غلطی والا ہی کافی ہے۔ (عبدالعزیز جالندھری)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایک روزہ قضا کرے کیونکہ اَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ کی تعمیل نہیں ہوئی عدم تعمیل غلط فہمی کی وجہ سے ہے، اس لیے کفارہ نہیں ہے۔ واللہ اعلم۔ (۵ رمضان المبارک ۱۳۶۳ھ) (فتاوی ثنائیہ جلد ۱ ص ۴۱۳)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

**جلد 06 ص 104**